اعلان

۲۹ دسمبر ۱۹۸۷ء کو مفکر ملت کے تاریخی اور شاندار افتتاح کے دوران شرکاء نے اجتماعی طور پر یہ تجویز پاس کی تھی کہ آئندہ ہر سال اس موقع پر مفکر ملت حضرت مولانا مفتی عتیق الرحمن صاحب عثمانی رح کی یاد میں ایک روزہ علمی سمینار کا اہتمام کیا جائے۔

چنانچہ امسال حسب پروگرام سردیوں کے آغاز میں سمینار کے انعقاد کا فیصلہ کیا گیا ہے۔ اس مبارک اقدام اور نیک کام کی تکمیل کے لئے قارئین کرام دل سے دعا فرمائیں۔ سمینار میں حضرت مفتی صاحب مرحوم کی زندگی کے مختلف گوشوں اور حیات و خدمات پر مقالہ نگار حضرات روشنی ڈالیں گے۔ چونکہ وقت کم ہوگا اور مقالات زیادہ ہوں گے اس لئے کوشش اس بات کی کی جائے کہ مقالات زیادہ سے زیادہ جامع اور علمی سطح کے ہوں۔

اس سلسلے میں مختلف عنوانات اور دعوت نامہ عنقریب ارسال کیا جائے گا۔ مقالات قبل از وقت دفتر برہان میں پہونچنا ضروری ہیں تاکہ انھیں چیک کیا جا سکے۔

(منیجر)